Maulana Azad National Urdu University
Department of Economics
PG Programme
II Semester Examination, April/May 2024
Course Code: **MAEC402CCT**
Subject: **PUBLIC ECONOMICS**

Total Marks: 70 Time: 3 Hours

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم -ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے -

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/خالی جگھوں پر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں ہر سوال کا جواب لازمی ہے ہر سوال کے لیے 1 نمبر ہے
(10x1=10 marks)

2. **حصہ دوم** میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں ہر سوال کا جواب تقریبا (200) لفظوں پر مشتمل ہو۔
ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں (5x6=30 marks)

3. **حصہ سوم** میں 5 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں ہر سوال کا جواب تقریبا (500) لفظوں پر مشتمل۔
ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں (3x10=30 marks)

حصہ اوّل

1. درج ذیل سوالات کے جوابات دیجئے

i. خارجیت کس کی ناکامی کے باعث پیدا ہوتی ہے؟

a. معاشی منصوبہ بندی

b. بازار

c. عالمی معیشت

d. سرکار

ii. وہ اشیاء جن میں خارجیت اور منافست پائی جاتی ہے وہ کیا کہلاتی ہیں؟

a. خانگی اشیاء

b. عوامی اشیاء

c. اشیائے صرف

d. اشیائے اصل

iii. درج ذیل میں سے کن دو میں تعدیل ہے؟

a. کارکردگی و عدل

b. محصول و حکومتی آمدنی

c. حاشیائی سماجی فائدہ و قربانی

d. قیمت و رسد

iv. ذیل میں سے کونسا اُصول حکومت کو فضول خرچی اور اسراف سے بچاتا ہے؟

a. اُصول جواز

b. اُصول کفایت

c. اُصول فاضل

d. اُصول افادہ

v. ہندوستان میں کاٹیج صنعتوں میں عموماً کس پیداواری تکنیک کا استعمال ہوتا ہے؟

a. جاذب محنت

b. جاذب سرمایہ

c. ناقابل تعین

d. جاذب دولت

vi. ٹیکس کی وصولی، نوٹ چھاپنے اور آڈٹ وغیرہ سے ہونے والے اخراجات کس قسم کے اخراجات ہیں؟

a. حکومتی اخراجات

b. غیر ترقیاتی اخراجات

c. وصولی اخراجات

d. درج بالا سبھی

vii. محصول میں مساوات سے مراد کیا ہے؟

a. امیر و غریب پر محصول کی شرح یکساں ہو۔

b. محصول کی شرح زیادہ ہو۔

c. محصول کا بوجھ امیر و غریب پر مساوی ہو۔

d. محصول کی شرح بتدریج بڑھتی ہوئی ہو۔

viii. کون سے نظریے میں ٹیکس ادا کرنے کی صلاحیت کا حقیقی معیار صَرف ہے۔

a. سیاسی سماجی نظریہ

b. استعداد ادائیگی کا نظریہ

c. خدمات کی لاگت کا نظریہ

d. ان میں سے کوئی نہیں۔

ix. کون سے محصول کو ملک کا تقریباً ہر شہری ادا کرتا ہے؟

a. بالواسطہ محصول

b. براہ راست محصول

c. دونوں

d. متزائد محصول

x. ان میں سے کون سے آمدنی کو یونین محصول آمدنی سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے؟

a. زرعی آمدنی

b. صنعتی آمدنی

c. خدمات سے حاصل شدہ آمدنی

d. درج بالا سبھی

حصہ دوّم

2. اخلاقی خطرہ کیا ہوتا ہے؟ بیمۂ صحت کے بازار میں اس کی مثال واضح کیجئے۔

3. عوامی محاصل کے مختلف ذرائع کیا ہیں؟

4. ترقیاتی اور غیر ترقیاتی اخراجات کو مثالوں سے واضح کیجئے۔

5. بالاترین سماجی مفاد کا قاعدہ کیوں دیگر قوائد سے بہتر مانا جاتا ہے؟

6. مکمل مسابقتی بازار اور اجارہ داری بازار میں ٹیکس کے وقوع کے تعین کا تقابلی جائزہ لیں۔

7. عوامی قرض کے انفکاک پر تفصیلی نوٹ لکھئے۔

8. متزائد محصول سے کیا مراد ہے؟

9. محصول متناسب اور محصول متزائد کی تفصیل سے وضاحت کریں۔

حصہ سوّم

10. شکستگیٔ بازار کی وجوہات بیان کیجئے۔

11. ہندوستان میں عوامی مالیہ کے فروغ اور کردار کی وضاحت کیجئے۔

12. قوانین محصول کا تفصیلی جائزہ لیں۔

13. جی ایس ٹی کے ٹیکس کی خوبیاں اور خرابیاں بیان کیجئے۔

14. حاصل کردہ فائدے کی بنیاد پر ٹیکس کا نظریہ کیا ہے اور یہ کیوں منصفانہ نظام ٹیکس کے لئے موزوں نہیں ہے؟